$\frac{32}{290}$ خبردار ہو تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمینوں کے ہے خبردار رہو تحقیق وعدہ اللہ کا حق ہے لیکن بہت اُنکے نہیں مانتے آئی ہے پاس تمہارے محض نصیحت پروردگار تمہارے کیطرف سے اور تندرستی اُس چیز کی کہ بیچ اس کے ہے اور ہدائیت اور رحمت واسطے مسلمانوں کے کہ ساتھ فضل اللہ کے اور رحمت اُس کی کے جس

38/338 یہ آیتیں نشان ہیں اصل کتاب کے اور یہ چیز جو اتاری گئی ہے طرف تیرے رب تیرے سے سچ ہے ولیکن اکثر لوگ نہیں ایمان لاتے اللہ وہ ذات ہے جس نے بلند کئے آسمان بغیر ستونوں کے دیکھتے ہو تم اسکو کہ قرار پکڑا اوپر بلندی کے اور مسخر کیا سورج اور چاند ہر ایک چلتا ہے واسطے وعدہ مقرر کے تدبیر کرتا ہے کام کی تفصیل سے بیان کرتا ہے نشانیاں اپنی تو کہ تم ساتھ ملاقات رب اپنے کے یقین کرو ٥

اور وہی ہے جس نے بچھایا زمین کو اور کئے بیچ اس کے پہاڑ اور نہریں اور ہر میوے سے کئے بیچ اس کے جوڑے دو قسم کے اور ڈھانک دیتا ہے رات کو دن تحقیق بیچ اس کے نشانیاں ہیں آیات ہیں واسطے اس قوم کے کہ عالم ہیں مفکر ٥

39/341 کہ کون ہے پروردگار آسمانوں کا اور زمینوں کا کہہ اللہ کیوں پکڑے ہیں تم نے سوائے اس کے کارساز اور دوسرے جو کہ نہیں اختیار رکھتے واسطے اپنی جانوں کے ضرر کا اور نہ ہی نفع کا کہہ کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور دیکھنے والا یا برابر ہوتا ہے اندھیرا اور اجالا کیا مقرر کیا انہوں نے واسطے خدا کے شریک کہ پیدا کیا انہوں نے مانند پیدا کرنے یہ سب ہے پیدائش اوپر اسکے کہہ کہ اللہ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ہے اکیلا غالب ٥

40/342 کیا پس جو کوئی کہ جانتا ہے یہ کہ جو کچھ اتارا گیا ہے طرف تیرے پروردگار تیرے سے سچ ہے اور مانند اس کے کلام اللہ ہے وہ اندھا ہے سوائے اس کے اور کچھ نہیں یہ کہ یہ ایک نصیحت ہے واسطے صاحب عقل کے ٥ اور وہ لوگ کہ پورا کرتے ہیں عہد اللہ

اور نہیں کوئی چلنے والا بیچ زمین کے مگر اوپر اللہ کے ہے رزق اُس کا اور جانتا ہے جگہ قرار اُس کے کی اور جسم سونپنے اُس کے کی ہر ایک بات بیچ کتاب بیان کرنیوالی کے درج ہے ٥

36/33 اے قوم میری نہیں مانگتا میں تم سے اوپر اس کے کچھ مال نہیں بدلا میرا مگر اوپر اللہ کے اور نہیں میں ہانک دینے والا اُن لوگوں کو کہ ایماندار ہیں اور حق پر ایمان رکھتے ہیں تحقیق وہ لوگ خدا رسیدہ اور ملنے والے ہیں رب اپنے سے لیکن دیکھتا ہوں میں تمکو ایک قوم کہ جاہل مطلق ہو اے قوم میری کون شخص مدد دیگا مجھکو اللہ سے اگر ہانک دوں میں اُنکو کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے اور نہیں کہتا ہوں میں کہ نزدیک میرے خزانے علم کے منجانب خدا ہیں اور نہیں جانتا میں غیب کو اور نہیں کہتا میں کہ تحقیق میں فرشتہ سیرت ہوں اور نہیں کہتا میں واسطے اُن لوگوں کے کہ حقیر دیکھتی ہیں آنکھیں تمہاری لیکن وہ بہت بلند اور بلند مرتبہ ہوتے ہیں ہرگز ہرگز نہ دیوے گا اُن لوگوں کو اللہ بھلائی سے اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ بیچ دلوں اُن کے ہے تحقیق میں اُس وقت میں البتہ ظالموں سے ہونگا اگر کہتا تم لوں

37/9 یہ نشان کتاب بیان کرنیوالی کے ہیں تحقیق اُتارا اُسی سے ہم نے اسکو قرآن عربی تو کہ تم سمجھو ٥ ہم بیان کرتے ہیں اوپر تیرے بہت اچھی طرح بیان کرنا اسطرح سے کہ جیسے وحی کیا ہم نے طرف تیرے یہ قرآن اور تحقیق تو تھا پہلے اِس سے البتہ غافلوں سے ٥

اور اگر پیروی کریگا تو خواہشوں اُن کی سے بعد اس چیز کے کہ آئی تیرے پاس علم سے نہیں واسطے تیرے اللہ سے کوئی دوست اور نہ کوئی بچانے والا اور البتہ تحقیق بھیجے گئے پیغمبر پہلے تھے اور تھیں واسطے اُن کے بیبیاں اور اولاد اور نہ تھا واسطے کسی پیغمبر کے یہ کر لے آوے کوئی آیت مگر ساتھ حکم اللہ کے واسطے ہر ایک وعدہ ہے لکھا ہوا مٹا ڈالتا اللہ جو چاہتا ہے اور ثابت کرتا ہے جسے چاہتا ہے مگر سب سے نزدیک اللہ کے اصل کتاب کتابوں کی ماں اُم الکتاب ہے اور اگر دکھلا دیں ہم تم کو وہ چیز جو وعدہ دیتے ہیں ہم اُنکو تو قبض کر لیویں تجھکو پس سوائے اس کے نہیں کوئی کام تیرا کہ یہ پیغام جو تم کو عطا ہوا ہے اور اوپر ہمارے ہے حساب لیناo

کیا نہیں دیکھا اُنہوں نے کہ ہم چلتے آتے ہیں زمین کو گھٹاتے ہوئے کنارے اُس کے سے اور حکم کرتا ہے نہیں پچھاڑی کرنے والا واسطے حکم اُس کے سے کوئی انسان وہ جلدی لینے والا ہے حساب کا اور تحقیق یہ کیا اُن لوگوں نے جو پہلے اُن سے تھے واسطے اللہ کے ہے سب کام جانتا ہے وہ جو کماتا ہے ہر جی اور شتاب جان لیویں گے کفار واسطے کس کے ہے پچھاڑی گھر کی اور کہتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہوئے نہیں تو بھیجا ہوا کہہ کفائیت ہے اللہ گواہی دینے والا درمیان میرے اور تمہارے اور وہ شخص گواہ ہے کہ جس کے پاس اصل کتاب ہے اور وہ اس کتاب کا علم رکھتا ہے o

اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی پیغمبر مگر ساتھ زبان قوم اپنی کے تو کہ نصیحت کرے واسطے اُن کے پس گمراہ کرتا ہے اللہ جس کو چاہے

کا اور نہیں توڑنا عہد کو ہ اور وہ لوگ کہ ملاتے ہیں وہ چیز کہ حکم کیا
ہے اللہ نے خود ساتھ جسکے یا ملاویں اور کو اور وہی درجہ دیویں اُس کو تو
ڈرتے ہیں ہم پروردگار سے اور ڈرتے ہیں برائی حساب سے ہ
اور وہ لوگ ہیں کہ صبر کرتے ہیں واسطے چاہنے رضامندی
رب اپنے کے اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور خرچ کرتے ہیں اُس چیز
سے کہ دی گئی ہے انکو پوشیدہ اور ظاہر اور دفع کرتے ہیں برائی
کو ساتھ نیکی کے یہ لوگ واسطے ان کے ہے پچھاڑی گھر کی جگہ ہیں بہشت
رہنے کی داخل ہونگے اس میں وہ پچھلی طرف سے اور جو کوئی کہ لائق ہیں
باپوں اُنکے سے اور بیبیوں اُن کی سے اور اولاد اُنکی سے اور فرشتے
انسان ہیں داخل ہونگے اوپر کی منزل میں ہر دروازے سے اور سلامتی
ہے اوپر اُن کے بسبب اُس کے کہ صبر کیا تیرے پس اچھی ہے پچھاڑی
گھر کی اور جو لوگ کہ توڑتے ہیں عہد خدا کا پیچھے مضبوطی اُس کی کے اور
کاٹتے ہیں اُس چیز کو کہ کیا ہے اللہ نے بیچ اُس کے یا ملاقی یا درے
نصیحت ساتھ کلام اللہ کے اور فساد کرتے ہیں بیچ زمین کے یہ لوگ واسطے
اُن کے ہے لعنت اور واسطے اُن کے ہے برائی گھر کی یعنی دوزخ ہ
41/346 اور وہ لوگ کہ جنکو کتاب دی گئی خوش ہوتے ہیں ساتھ اُس
چیز کے کہ اتاری گئی طرف تیرے اور بعضے جماعتوں سے وہ ہے کہ
انکار کرتا ہے بعض اُس کے کو کہہ سوائے اسکے کچھ نہیں یہ کہ نصیحت
کیا گیا ہوں میں یہ حکم کہ عبادت کروں اللہ کو اور نہ شریک لاؤں
ساتھ اُس کے اور کو طرف اُسی کے پکارتا ہوں میں اور طرف اسی کے ہے
پھر جانا میرا اور اسی طرح اتارا ہے ہم نے اس قران کو عربی زبان میں

ہیں آنکھیں ہماری بلکہ ہم ایک قوم ہیں مسحور کئے ہوئے اور البتہ تحقیق
کئے ہمنے بیچ آسمان کے مانند برجوں کے اور زینت دی ہم نے اُس چیز
کو واسطے بیچ دیکھنے والوں کے دُور بین نگاہ رکھنے والے انسانوں
کیلئے اور محفوظ رکھا اُس ذکر کو ہم نے ہر ایک شیطان انسان راندے
ہوؤں سے مگر جس نے سُنکر اُچک لیا اُس ذکر سے کچھ دنیا کو دھوکا
دینے کیلئے پس پیچھے لگتا ہے شعلہ اور زمین کو بچھایا ہم نے اُس کو اور
ڈالے ہم نے بیچ اُس کے پہاڑ اور اُگائی ہم نے بیچ اُس کے کام کی ہر چیز
اور اُگائی ہم نے بیچ اس کے معقیں اور اُس کو کہ نہیں تم واسطے اُس
کے رزق دینے والے اور نہیں کوئی چیز مگر نزدیک ہمارے ہر چیز کے
خزانے ہیں اُس کے اور نہیں اُتارتے ہم اُسکو مگر ساتھ اندازہ معلوم
کے ○ اور بھیجا ہم نے باؤں کو بوجھل کرنے والی پس اتارا ہم نے آسمان
سے پانی پس پلایا ہم نے تمکو وہ اور نہیں تم اُس کا ذخیرہ کرنے
والے اور تحقیق ہم جلاتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہم وارث ہیں اور
اور البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں آگے بڑھ جانیوالوں کو اور جانتے ہیں
پیچھے رہ جانیوالوں کو اور تحقیق پروردگار تیرا وہی اکٹھا کریگا۔
سب کو تحقیق وہ حکمت والا اور علیم علم والا جاننے والا ہے ○
$\frac{43}{361}$ خبر دے بندوں میرے کو یہ کہ تحقیق میں ہوں بخشنے والا
مہربان اور البتہ تحقیق دی گئی آیات تمکو سات نشان کہ بار بار دہرائے
جاتے ہیں اور یہ نشان ہیں اصل کتاب قرآن العظیم کے پس۔ مت
لمبی کر دونوں آنکھیں اپنی طرف اُس چیز کے کہ فائدہ دیا ہم نے
ساتھ جس کے کئی قسموں کا اُن میں سے اور مت غم کھا اوپر

اور راہ دکھاتا ہے جس کو اور وہ غالب حکمت والا ہے ٥
ہیں یہ نشانیاں اصل کتاب کی اور قرآن ظاہر کی ہیں بیان کرنے والی
کتاب کی ہیں ٥ بہت وقت دولت رکھیں گے وہ لوگ جو کافر ہوئے
کاش کہ ہوتے مسلمان چھوڑ دے اُنکو کہ کھادیں اور فائدہ اُٹھاویں اور
غافل کریں اُنکو آرزو میں دراز پس البتہ جانینگے اور نہیں ہلاک کی
ہے کوئی بستی مگر کہ واسطے اُس کے لکھا ہوا ہے معلوم نہیں آگے
کوئی نکل جاتی کوئی امت جماعت وقت اپنے سے اور نہ پیچھے رہ جاتے ہیں ٥
اور کہا کافروں نے اے وہ شخص کہ اتارا گیا ہے اوپر اس کے ذکر تحقیق تو
البتہ دیوانہ ہے کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس فرشتوں کو ساتھ اس کتاب حق
کتاب مبین کے اگر ہے تو سچوں سے ٥
نہیں اتارتے ہم فرشتوں کو دوران دُنیا میں ساتھ حق کے اور نہیں
ہوتے اُس وقت ڈھیل دیئے گئے لوگ ۔ تحقیق اللہ نے اتارا ذکر اور ہے
وہ واسطے اُس کے نگہبان اور البتہ تحقیق بھیجے تھے اللہ نے پیغمبر پہلے
آغاز میں بیچ اُمت اولین کے ساتھ حق کے ٥
دوران دنیا نہیں آیا لوگوں کے پاس کوئی پیغمبر مگر تھے لوگ ٹھٹھا
کرتے اُس کے ساتھ اس طرح (جس طرح تم سے کرتے ہیں اہل عرب) ٹھلا
دیتے ہیں ہم اِس انکار کو بیچ دِلوں گنہگاروں کے پس ایمان لائے ساتھ
اُس کے اور تحقیق گذر گئی عادت اولین اُمت کی اُسکے ساتھ کہ ایمان
لاویں ساتھ حق کے اور نہ کریں ٹھٹھا اور اگر کھولدیں ہم اوپر ان کے
دروازہ آسمان سے جیسے کھولا گیا تھا اولین امت پر تحقیق ہو جاویں بیچ
اُس کے چڑھتے ہوئے البتہ کہیں گے سوائے اس کے نہیں کہ مست ہو گئی

کے پس دیکھو کیونکر ہوا آخر کار حشر جھٹلانیوالوں کا اور اگر حرص کرے تو اوپر ہدایت اُنکی کے پھر پس تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا اس کو کہ گمراہ کرتا ہے خود کو نہیں واسطے اُنکے کوئی مددگار ہ

47/390 اور مت چل بیچ زمین کے اکڑتا ہوا تحقیق تو ہرگز نہ پھاڑیگا زمین کو اور ہرگز نہ پہنچے گا پہاڑوں کو لمبائی میں سب یہ باتیں ہیں بُری نزدیک پروردگار میرے کے ناپسندیدہ یہ حکم ہے اُس کتاب کا جسے کہ وحی کیا گیا ہے طرف تیرے رب تیرے نے حکمت سے اور مت مقرر کر ساتھ اللہ کے معبود دوسرا پس ڈالا جاویگا بیچ دوزخ کے ملامت کیا ہوا راندھا ہوا ہ

کیا پسند کیا ہے تم کو پروردگار تمہارے نے ساتھ بیٹوں تمہارے کے کہ تم پکڑو فرشتوں میں سے بیٹیاں اُن کی تحقیق تم البتہ کہتے ہو بات بُری چھوٹا منہ اور بڑی بات ہ

48/393 پروردگار تمہارا خوب جانتا ہے تم کو اگر چاہے رحم کرے تم پر اگر چاہے عذاب کرے تم کو اور نہیں بھیجا ہم نے تجھکو اُوپر ان کے داروغہ ہ

اور پروردگار تیرا خوب جانتا ہے اور لوگوں کو کہ بیچ آسمانوں کے اور زمینوں میں رہتے ہیں اور البتہ تحقیق بزرگی دی ہم نے بعضے نبیوں کو اوپر بعض کے دی گئی داؤد کو زبور کہ بلاؤ اُن لوگوں کو کیا دعوے کرتے ہو تم سوائے اُس کے پس نہیں اختیار رکھتے کھولنا برائی کا تم سے اور نہ بدل ڈالنا ہ یہ لوگ جنکو پکارتے ہیں ڈھونڈتے ہیں طرف پروردگار اپنے کے وسیلہ کونسا اُن میں سے بہت نزدیک

اس کے اور نیچا کر بازو اپنے کو واسطے واسطے ایمان والوں کے اور کہہ تحقیق میں ڈرانے والا ہوں ظاہر۔ جس طرح اُتارا ہم نے اوپر بانٹنے والوں اور کے جنہوں نے کیا قرآن اصل کو ٹکڑے ٹکڑے پس قسم ہے رب تیرے کی البتہ سوال کرینگے ہم ان سب ڈرانے والوں پر اس چیز سے کہ تھے عمل کرتے وہ پس آشکار کر اُس چیز کو کہ جس کتاب سے دیا گیا ہے علم تم کو ٥

45/364 کہ جس سے حکم کیا جاتا ہے تو اور منہ پھیرے مشرکوں سے تحقیق ہم نے کفایت کی ہے تجھکو ٹھٹھا کرنیوالوں سے ٥ وہ جو مقرر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے معبود اور پس البتہ جانینگے ٥

اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم یہ کہ تنگ ہوتا ہے سینہ تیرا ساتھ اُس چیز کے کہ کہتے ہیں وہ لوگ پس پاکی بیان کر ساتھ تعریف رب اپنے کے اور پر سجدہ کرنیوالوں سے اور عبادت کر پروردگار اپنے کی یہاں تک کہ آوے تجھ کو موت ٥

46/369 اور کہا اُن لوگوں نے جو شریک لاتے ہیں اگر چاہتا اللہ نہ عبادت کرتے ہم سوائے اُس کے کسی چیز کو ہم اور نہ باپ ہمارے اور نہیں حرام کرتے التے ہم اُس کے سوا کسی چیز کو اسی طرح کہا اِن لوگوں نے جو پہلے اِن سے تھے پس آیا اوپر پیغمبروں کے مگر جو ظاہر تھا پیغام اُس کا طرف لوگوں کے ٥ اور بھیجے گئے بیچ ہر اُمت کے ظاہر پیغام دینے والے کہ عبادت کرو اللہ کو اور ایک طرف ہو جاؤ بتوں سے پس بعضے اُن کے سے تھے کہ کی ہدایت اللہ نے بعضے ان میں سے وہ شخص کہ ثابت ہوئی اوپر اُس کے گمراہی پس سیر کرو بیچ زمین

کہ نکال دیویں تجھ کو اس میں سے اور اُس وقت نہ رہیں گے پیچھے
تیرے مگر تھوڑے ٥ عادت اُن شخصوں کی کہ تحقیق بھیجا ہم نے
پہلے تجھ سے پیغمبروں اپنے سے اور نہ پاوے گا تو واسطے عادت
ہماری کے بیچ اور کہہ آیا حق اور گم ہوا باطل تحقیق باطل تھا گم ہو
جانے والا ٥

اور اتارتے ہیں ہم اصل کتاب ... جو چیز ہے کہ وہ
شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان لانے والوں کے اور نہیں زیادہ
کرتا ظالموں کو مگر ٹوٹا اور جب نصیحت ... ہیں ہم اوپر انسانوں
کے منہ پھیر لیتا ہے انسان اور دور کر لیتا ... اپنی اور
جب لگتی ہے اُس کو برائی ہو جاتا ہے نا امید کہہ ہر ایک عمل کرتا
ہے اوپر طریق اپنے کے پس پروردگار تمہارا خوب جانتا ہے اُس
شخص کو کہ بہت کچھ پانے والا ہے راہ کو اور سوال کرتے ہیں تجھ
کو روح کے متعلق کہ روح کیا چیز ہے کہہ روح حکم پروردگار میرے
کے سے ہے اور نہیں دئے گئے تم علم ممکن مگر قلیل سا ٥ اور
اگر چاہیں ہم البتہ لے جاویں وہ قلیل علم بھی جو کچھ کہ وحی کی ہے
ہم نے طرف تیرے پھر نہ پاوے تو واسطے اپنے ساتھ اوپر اُس
کے ہمارے کارساز مگر مہربانی پروردگار تیرے کی طرف سے
تحقیق فضل اُس کا ہے کہ دئے گئے ہو علم قلیل یہ بڑا بھاری
احسان ہے تم پر ٥

ڈال دے تو آسمان کو جیسے کہا کرتا ہے تو اوپر ہمارے
ٹکڑے ٹکڑے یا لا دے تو اللہ کو اور فرشتوں کو مقابل ہمارے ٥

ہے اور امید رکھتے ہیں رحمت اُس کی سے اور ڈرتے ہیں عذاب
اُس کے سے تحقیق عذاب پروردگار تیرے کا ہے خوفناک اور نہیں کوئی
جاندار جن میں سے مگر ہم ہلاک کرنیوالے ہیں اُس کے عذاب سخت
ہے یہ لکھا ہُوا اُس کتاب کے بیچ اور نہ منع کیا ہمارے تئیں یہ کہ
بھیجدیویں ہم آیات مگر یہ کہ جھٹلایا تھا آیات کو ساتھ اُس
کے پہلوں نے اور دی ثمود کو اونٹنی دلیل پس ظلم کیا اُنھوں نے
اُس پر اور نہیں بھیجتے ہم نشانیاں آیات مگر محض واسطے خوفزدہ
کرنے کیلئے اور جسوقت کہا ہے واسطے تیرے تحقیق رب تیرے نے
گھیر لیا ہے لوگوں کو اور نہیں کیا ہم نے وہ نمود کہ جو دکھلائی تجھکو
مگر آزمائش واسطے لوگوں کے اور اسی طرح اُس درخت کو کہ لعنت
کیا گیا ہے بیچ قرآن عربی کے اور ڈراتے ہیں ہم انکو پس نہیں زیادہ
کرتا انکو مگر سرکشی بڑی ۝

$\frac{49}{396}$ اور جو کوئی ہے بیچ اس دُنیا کے اندھا پس وہ بیچ آخرت
کے اندھا ہے اور بہت کھویا ہُوا ہے راہ سے ۝ اور تحقیق نزدیک
ہے کہ البتہ بہکاویں تمکو اُس چیز سے کہ جسے وحی کی ہم نے طرف تیرے
تو کہ باندھ لیوے تو اوپر ہمارے سوائے اُس کے اور اُسوقت البتہ
پکڑتے تجھکو دوست اور اگر نہ ثابت رکھتے ہم تجھکو البتہ تحقیق
نزدیک تھا تو کہ جھک جاوے طرف اُن کے کچھ تھوڑا اسوقت البتہ
چکھاتے ہم تجھکو دُگنا عذاب زندگانی کا اور دُگنا عذاب موت کا پھر نہ
پاتا تو واسطے اپنے اوپر ہمارے مدد دینے والا ۝
اور تحقیق نزدیک ہے کہ بھیجدیویں تجھکو اس زمین سے تو

بغیریہ ساری زمین بنجر ہے کیا گمان کیا ہے تو نے یہ کہ وہ رہنے
والے غار کے تھے کھوتے ہوتے تھے مکمل نشانیوں ہماری سے اور
تعجب کرتے ہو کہ جس وقت جا کر پکڑی ان نوجوانوں نے طرف
غار کے پس کہا انہوں نے اے رب ہمارے دے ہمکو پاس
اپنے سے رحمت کا خزانہ مکمل علم اور تیار کرو واسطے ہمارے
کام جو ہمارے ذمہ لگایا گیا ہے بھلائی کا ٥ بس پردہ مارا ہم نے
اوپر کانوں اُنکے کہ اور مراقبے میں کھو گئے وہ بیچ غار کے کئی برس
گنتی کے پھر اٹھایا گیا اُنکو تو کہ ظاہر کریں کتاب کو ساتھ مکمل
نشانات کے ۔ کونسا دونوں جماعتوں میں ہے خوب گننے والا
اُس چیز کو کہ رہے کتنی مدت وہ ہم بیان کریں گے اوپر تیرے
بیان اُن کا ساتھ حق کے تحقیق وہ کتنے جوان تھے کہ ایمان لاتے
تھے ساتھ رب اپنے کے اور بہت زیادہ کی تھی ہم نے اُن سے کلام
ہدایت مکمل ٥ اور گرہ دی ہم نے اوپر دلوں انکے کہ دُان کے دل
روشن کردیے گئے) جس وقت کہ کھڑے ہوتے پس کیا انہوں نے
پروردگار ہمارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا ہے ۔ ہرگز نہ پکاریں
گے ہم سوائے اُس کے کسی معبود کو البتہ تحقیق کیا تھا اس وقت خدا
نے کلام اُن سے بہت کھُل کر کہا اُنہوں نے کہ قوم ہماری نے
پکڑے ہیں سوائے اُس کے معبود کیوں نہ لاتے اپنی قوم پر دلیل
ظاہر پس کون شخص ہے بہت ظالم اُس شخص کے کہ باندھ لیوے
اوپر اللہ کے جھوٹ ٥ اور جب ایک گوشہ ہو جاؤ تم ان سے اور
اُس چیز سے کہ عبادت کرتے ہیں وہ سوائے اللہ کے پس جگہ پکڑی

یا ہو واسطے تیرے گھر سونے کا یا چڑھ جاوے تو بیچ آسمانوں
کے اور ہرگز نہ مانیں گے ہم چڑھ جانے تیرے کو یہاں تک کہ
تو اتار لاوے اوپر ہمارے اصل کتاب کو پڑھیں ہم اُس کو
کہہ کہ پاک ہے پروردگار میرا اور نہیں ہوا میں مگر آدمی
محض پیغام پہنچانیوالا ٥ اور نہیں منع کرتا لوگوں کو وہ ایمان
لاویں جس وقت آوے پاس اُن کے ہدایت مگر یہ کہ کہا انہوں نے
کیا بھیجا اللہ نے آدمی کو پیغام دینے کیلئے ٥ کہہ اگر ہوتے بیچ اِس
زمین میں فرشتے چلا کرتے آرام سے البتہ اتارتے ہم اوپر اُنہی کے
آسمان سے فرشتوں کو پیغام پہنچانے والے ٥

56/400 (تحقیق دی ہیں موسےٰ کو نو نشانیاں ظاہر) سات آیات
تمکو اگر ہوتے تم لوگ مالک خزانوں علم پروردگار کے اس وقت
البتہ بند کر رکھتے تم خرچ ہو جانے کے ڈر سے تحقیق تم تنگ دِل
انسان ہو ٥

57/401 اور حق کتاب سے اُتارا ہے ہم نے اسکو اور ساتھ حق کے
اترا ہے اور نہیں بھیجا ہے ہم نے تجھے مگر محض ڈرانیوالا اور بشارت
دینے والا اور وہ اصل کتاب جس سے جُدا جدا کیا ہم نے اِسکو تو
کہ پڑھے تو اسکو اوپر لوگوں کے اوپر آہستگی کے اور اتارا ہم نے
اس کو اتارنا آہستہ آہستہ ٥ ..... الہام ہے ....

58/402 تحقیق ہم نے کیا ہے جو کچھ ہے اوپر اس زمین کے زینت
واسطے اُن کے تو کہ آزماویں انکو کونسا بہتر ہے عمل میں ٥ اور
تحقیق ہم البتہ کرنے والے ہیں اس چیز اصل کتاب کو جس کے

رح مطلع کیا ہم نے اوپر اُن کے تو کہ جانیں یہ کہ وعدہ اللہ کا برحق
ہے اور یہ کہ قیامت ہے نہیں شک بیچ اُس کے جس وقت کہ جھگڑتے
تھے بیچ کام اپنے کے کہا انہوں نے بناؤ اوپر اُنکے عمارت پروردگار
ان کا خوب جانتا ہے اُنکو کہا لوگوں نے کہ غالب آتے تھے اوپر کام
اپنے کے البتہ بنا دینگے ہم اوپر ان کے مسجدگاہ البتہ کہیں گے بعض
لوگ کہ پیغمبران حق تین تھے۔ اور چوتھا ان سب کا ایک کتا ہے
اور کہیں گے پانچ ہیں اور چھٹا اُن کا مشترکہ کتا ہے بکتے ہیں بن دیکھے
سب لوگ اور کہیں گے سات ہیں اور آٹھواں اُن کا کتا ہے کہہ پروردگار
میرا خوب جانتا ہے گنتی اُن کی کو نہیں جانتے انکو مگر قلیل انسان پس
مت جھگڑا کر بیچ اُن کے مگر جھگڑا ظاہر ساتھ حق کے اور مت سوال کر بیچ
ان کے ان میں سے کسی شخص کو اور ہرگز نہ کہیو کسی چیز کو کہ البتہ میں کرنیوالا
ہوں یہ کل کو مگر یہ کہ چاہے اللہ اور یاد کر پروردگار اپنے کو جب
بھول جاوے اور کہہ شتاب ہے یہ کہ ہدایت کرے مجھکو رب میرا طرف
زیادہ نزدیک کے اس سے بھلائی میں اور رہے وہ بیچ غار اپنے
تین سو برس اور زیادہ رہے نو برس اور کہ اللہ خوب جانتا
ہے اُس مدت کو کہ رہے وہ واسطے اُسی کے ہے علم غیب آسمانوں
اور زمین کا کیا خوب دیکھنے والا ہے ساتھ اُنکے نہیں کوئی دوست اور
نہیں شریک کرتا بیچ حکم اپنے کے کسی کو اور پڑھ جو کچھ کہ وحی کی
ہے طرف تیرے اُس کتاب سے جو پروردگار کی ہے نہیں کوئی
بدلنے والا پیدا ہوا دنیا میں کلام اُس کے کو اور ہرگز نہ پاوے
سوائے اُن کے جگہ پناہ کی اور روک رکھ اپنے روح کو ساتھ

طرف غار کے برابر تے مراقبہ سخت کے کہ پھیلا وے واسطے تمہارے
رب تمہارا رحمت الہی کے دریا اور تیار کرے واسطے تمہارے کام
تمہارے سے سبب نجات کا اور دیکھے تو آفتاب کو جب طلوع کرتا
ہے جھک جاتا ہے غار ان کے سے داہنی طرف اور جب غروب
کرتا ہے کترا جاتا ہے بائیں طرف اور بیچ میدان کشادہ کے ہیں یہ
نشانیاں اللہ کی ہیں جس کو ہدایت کرے اللہ پس وہ راہ پانیوالا
ہے اور جسکو گمراہ کرے پس ہرگز نہ پاوے تو واسطے اُس کے کوئی
راہ بتانیوالا اور گمان کرے تو انکو جاگتے اور وہ سوتے ہیں اور
کروٹیں دلاتے ہیں ہم اِن کو داہنی طرف اور بائیں طرف اور قلب اُن
کا پھیلایا رکھتا ہے دونوں ہاتھ اپنے بیچ غار کے اور اگر جھانکے
تو اوپر اُن کے البتہ آنکھیں پھیرے تو اِن سے بھاگ کر اور البتہ شرماوے
تو اُنسے رُعب میں آکر اور اسی طرح اٹھایا ہم نے اِنکو تو کہ سوال کریں
ایک دوسرے سے آپس میں کہا اُن میں سے ایک نے کہا کتنا عرصہ
ہے اس حال میں جواب دیا اُنہوں نے اُسکو کہ رہے ہم ایک
دن یا تھوڑا دن میں سے کہا اُس نے پروردگار ہمارا خوب جانتا
ہے جتنا عرصہ رہے تم پس بھیجو ایک کو اپنے میں سے ساتھ سکے
اپنے کے بستی کی طرف پس چاہیے کہ دیکھے اُن میں سے پاکیزہ ہے
کھانا پس لے آوے تمہارے پاس رزق اُس میں سے اور چاہیے
کہ نرمی کرے اور نہ جتاوے ساتھ تمہارے کسی کو تحقیق وہ اگر
غالب آوینگے اوپر تمہارے سنگسار کرینگے تم کو یا پھیر لے جاویں تمکو
بیچ دین اپنے کے اور ہرگز نہ بھلا ہوگا تمہارا اسوقت کبھی اور اس

کے ذکر ہے محض تمہارے متعلق کیا پس اب بھی نہیں سمجھتے تم ٥

63/458 بعض لوگوں میں وہ شخص ہیں جو جھگڑتے ہیں بیچ خدا کے بغیر علم کے یا بغیر ہدایت کے یا بغیر کتاب المنیر روشن کتاب کے ۔ ہیں موڑنے والے اپنے شانوں کو تو کہ گمراہ کریں راہ خدا کی سے وہ خود اپنے آپ کو گمراہ کرتے ہیں اور دوسروں کو گمراہ کرنے کی کوشش اور سعی کرتے ہیں ۔ بیچ دنیا کے واسطے اُن کے رسوائی ہے اور چکھایا جاوے گا اُن لوگوں کی روحوں کو مزا دن بڑے کو عذاب سخت کا بسبب اُن کے اعمال گمراہی کے جو خود ہی اپنے ہاتھوں سے بھیجا ہے اپنے واسطے اور یہ کہ پروردگار عادل نہیں ظلم کرنے والا واسطے بندوں اپنے کے ٥ اور بعض لوگوں میں وُہ شخص ہے کہ بندگی کرتا ہے اللہ کی اوپر کنارے کے پس اگر پہنچے اُس کو بھلائی تو آرام پکڑے ساتھ عبادت کے اور اگر پہنچے اُس کو فتنہ اور پلٹ جاوے اوپر مُنہ اپنے کے ٹوٹا پایا ہوا ہے وہ شخص اس دنیا میں اور آخرت میں یہ ہیں ٹوٹا پانے والے ظاہر ٥

64/462 واسطے تمہارے بیچ اِس کے فائدے ہیں مگر ایک وقت مقرر تک پہنچنا ہے سب کا ان مختلف اُمتوں کا بمعہ تمہارے اُسی پرانی قدیم جگہ یعنی ایک ہی دین پر جو برحق ہے اور واسطے ہر اُمت کے وقت مقرر ہے اور سب اُمتیں بمعہ تمہارے وقتی ہیں اور واسطے ہر اُمت کے مقرر کی ہے طرح یعنی طریقہ مہارت الگ الگ تو کہ یاد کریں نام اللہ کا اوپر اُس چیز کے کہ دی گئی ہے طرف اُن کے ہدایت چارپائے پاتے ہوؤں سے پس معبود تمہارا سب کا ایک ہے پس

ان لوگوں کے کہ پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو صبح کو اور شام کو اور
چاہتے ہیں رضامندی اُس کی اور نہ پھر جاویں دونوں آنکھیں تیری اِن
سے اگر چاہتا ہے تو زندگی اس دُنیا میں اور مت کہا مان تو اُس
شخص کا کہ غافل کیا گیا ہے دل اُس کا یاد الٰہی سے اور پیری خواہش
اپنی کے اور رہے کام اُس کا حد سے نکلا ہوا ٥

59/429 پس اتارا گیا اوپر تیرے یہ قرآن عربی اسکے کہ نہیں ہے ہدایت اس کی
اور نصیحت واسطے اُس شخص کے کہ ڈرتا ہے ٥ اتارا گیا ہے اصل
قرآن اُس ذات کی طرف سے کہ جس نے پیدا کیا زمین کو اور آسمان کو
بلندیوں پر وہ رحمان ہے بہت اونچے عرش پر بہت اونچا واسطے
اُس کے ہے جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور
جو کچھ درمیان ان دونوں کے ہے اور جو کچھ نیچے گیلی مٹی کے ہے اگر
پکار کر کہے تو بات کوئی نہیں تحقیق وہ جانتا ہے چھپے بھید کو اور
بہت چھپے بھید کو اللہ ہے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ واسطے اُس
کے سب اچھے نام موقوف ہیں اور سب اچھے کام اُسکے نام سے منسوب کئے جا

60/444 اور نہیں بھیجے تھے ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبر مگر مرد وحی بھیجتے
تھے ہم طرف اُن کے پس پوچھو اُس قوم کو کہ اتار دیا گیا تھا جس پر
اصل قرآن ذکر کیا گیا تھا انہی پر اگر تم نہیں علم رکھتے اُن ذکر والوں کا نہ
کیا گیا تھا ایسا بدن کہ نہ کھاتے ہو کھانا اور نہ تھے وہ اس دُنیا
میں ہمیشہ رہنے والے پھر سچا کیا اللہ نے اُن سے ہر وعدہ پس
نجات دی ہم نے اُنکو اور جس کو چاہا ہلاک کیا ہم نے حد سے نکل جا
والوں کو تحقیق اتاری ہے ہم نے طرف تیرے اُسی ذکر سے کتاب بیچ ا

لوگ جو کافر ہیں اور جھٹلایا جنہوں نے نشانات محکمات کو پس وہ
لوگ ہیں کہ واسطے اُن کے عذاب ہیں ذلیل کرنیوالے درجہ بدرجہ اور
جن لوگوں نے وطن چھوڑا بیچ راہ اللہ کے پھر مارے گئے یا مر گئے
البتہ رزق دیویگا اُن کو اللہ رازق اچھا اور تحقیق اللہ البتہ وہ
ہی ہے بہتر رزق دینے والا کل کو البتہ داخل کریگا اُنکو اُس جگہ یعنی
اُس جسم میں کہ پسند خاطر ہوگا اُس رُوح کے اعمال گذشتہ کے
مطابق اور تحقیق اللہ علیم جاننے والا اور تحمل والا ہے اور یہ ہے
بڑا دن اور جو کوئی بدلہ لیوے کہ برابر اس کے کہ زیادتی کی گئی ہے
اوپر اُس کے پھر تعدی کیا جاویگا اوپر اُس کے البتہ مدد دیگا اُس
کو اللہ رات شب قدر یعنی دوران دُنیا میں مقرر تحقیق اللہ البتہ
غفور ہے بسبب اس کے کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن
کے اور داخل کرتا بیچ دن کے رات کو یعنی دوران دُنیا بھی ناظم اعلےٰ
اور حکمران بادشاہ ہے اور ہر بات پر کڑی نگاہ رکھتا ہے مگر کسی
آدمی کو فعل کرنے سے نہیں روکتا ہر ایک ذی روح انسان رات کو
فاعل مختار ہے اور یہ وقت آزمائش کا ہے اور تحقیق اللہ ہر
وقت سننے والا اور دیکھنے والا ہے اور یہ سبب اس کے اللہ
وہ ذات ہے حق اور یہ کہ جو لپکارتے ہیں سوائے اللہ کے وُہ ہے
باطل اور یہ اللہ وہ ہے بلند مرتبہ والا بہت ہی بڑا کیا نہ دیکھا
تو نے یہ کہ اللہ نے کیسے اتارا آسمان سے پانی پس ہو جاتی ہے
ساری زمین سرسبز تحقیق اللہ باریک بین اور حد سے زیادہ دُور اندیش
اور خبردار ہے واسطے اُسی کے ہے ازل سے جو کچھ کہ ہے بیچ آسمانوں

واسطے اُس کے تم سب مطیع ہو اور خوشخبری دے یہ عاجزی کرنیوالوں کو ٥
اور نہیں بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے رسول اور نہ نبی مگر جس
وقت آرزو کرتا تھا نیک وہ نبی تو ڈال دیتا تھا شیطان بیچ آرزو اُس کی
کے پس دُور کرتا ہے اللہ جو کچھ ڈالا ہے شیطان نے پھر حکم کرتا ہے
اللہ اور نشانات اپنے سے اور اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے
٥ تو کہ کر دیوے اُس چیز کو کہ ڈالتا ہے شیطان آزمائش واسطے اُن
لوگوں کے کہ بیچ دلوں کے جن کے مرض ہے اور جو سخت ہیں دل اُن
کے بسبب ظلم کرنے کے البتہ بیچ خلاف دور کے ہیں ٥ اور تو کہ جانیں
وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم یہ کہ وہ پروردگار برحق ہے اور پروردگار
کا الہام ابتدائی برحق ہے اور پروردگار کی طرف سے یعنی منجانب اللہ
ہے پس عاجزی کریں واسطے اُس کے دل ان کے اور تحقیق اللہ البتہ راہ
دکھانیوالا ہے سب ذی رُوح انسان کو ابتدا سے انتہا تک یکساں
بلا امتیاز جو لوگ کہ ایمان لاتے ہیں طرف راہ مستقیم کے ٥ اور
ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ کہ کافر رہے ہیں اب تک وہ بیچ شک کے
ہیں اُس چیز کے یہاں تک کہ آوے اُن کے پاس مصیبت ناگہاں
یا آوے اُن کے پاس عذاب دن نحس کا ٥ مکمل بادشاہی ہے اُس
دن واسطے اللہ کے جب ہر ذی روح بے بسی کی حالت میں بغیر مادی
جسم کے خدا کے سامنے حاضر اُس کے حکم کا منتظر ہوتا ہے برائے پیدائش
مکرر بیچ دنیا کے اُس دن حکم کریگا درمیان اُن کے کل ذی روح کو
پس وہ لوگ کہ ایماندار ہیں اور کام جنہوں نے اچھے کئے وہ بیچ
بہشتوں کے درجہ بدرجہ جائیں گے حق سے مطابق اعمال کے اور وہ

اسلئے اُن کے علم مکمل مطابقت کہا تا وہ نہیں ہے قابل عمل اور
نہیں ہے واسطے ظالموں کے کوئی مدد دینے والا اس دنیا فانی میں
اور جس وقت پڑھی جاتی ہے اوپر اُن کے نشانیاں ظاہر پہنچاتا ہے تو
بیچ موہوں اُن لوگوں کے کہ کافر ہیں انکار کرنیوالے نزدیک ہے کہ
حملہ آور ہوں اُن پر جو پڑھتے ہیں نشانیاں ہماری کہہ کیا خبر دوں تم کو
ساتھ بدتر کے اس سے کہ آگ ہے وعدہ کیا ہوا ہے اُسکا تحقیق اللہ
نے اُن لوگوں کے لئے جو کافر ہیں اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی اے
لوگو بیان کی گئی ہے مثال پس سنو اسکو تحقیق کہ جنکو پکارتے ہو تم سوائے
اللہ کے ہرگز نہ پیدا کر سکیں گے ایک مکھی بھی یا دوسری کوئی اور چیز
چھوٹی سے چھوٹی بھی زندگی والی اور اگر اکٹھے ہوں سب کافروں کے معبود
اور کافر سب مل کر اور اگر چھین لے اُن سے مکھی کچھ چیز تو نہ چھڑا سکیں
اُس سے وہ چیز۔ ناتواں ہے مانگنے والا اور جس سے مانگتا ہے نہیں قدر
پائی اللہ کی حق قدر اُسی کا ہے تحقیق اللہ زبردست حاکم اور غالب
ہے ہر ذی روح ناتواں پر اللہ پسند کر لیتا ہے۔ فرشتہ سیرت
روحوں سے سچے رسول اور ہوتے ہیں وہ کل انسانوں میں بہترین تحقیق
اللہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے اور وہ جانتا ہے سب کچھ اور
آگے اُن کے اور جو کچھ ہے پیچھے اُن کے اور سب طرفوں کا مکمل علم
اللہ کی طرف سے آغاز دُنیا میں اُن ہی بہترین انسانوں کو سونپا جاتا ہے
اے لوگو جو ایمان لاتے ہو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت
کرو پروردگار اپنے کی اور کرو بھلائیاں اس قدر کہ فلاح پاؤ اور محنت
کرو بیچ راہ اللہ کے حق محنت اُس کی کا ادا کرو وہی برگزیدہ پیدا کیا

کے اور جو کچھ ہے بیچ کل عالموں کے اور اس زمین میں اور تحقیق
اللہ البتہ وہ ہے بے پرواہ اور قابل تعریف. کیا نہ دیکھا تو نے یہ
کہ اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بھی ہے بیچ زمین کے
ہے اور مسخر کیا کشتیوں اور جہازوں کو کہ چلتی ہیں بیچ دریاؤں اور
پانیوں میں ساتھ حکم اُس کے سے اور تہام رکھے ہیں۔ کل نظام شمسی
ساتھ حکم کے قائم ہیں سب کے سب تحقیق اللہ ساتھ لوگوں کے البتہ
شفقت کرنے والا اور رحیم ہے اور وہ ہی ہے جس نے زندہ کیا
سب ذی رُوح کو جسم عطا کئے پھر جسم چھین لیگا وہ ہی اور پھر جسم
دیتا رہے گا بموجب اعمال کے بار بار با لترتیب تحقیق انسان ناشکرا ہے.
واسطے ہر اُمت کے طریقہ عبادت مختلف ہے اور کرتے ہیں سب اپنے
اپنے طریقہ سے عبادت اُس کی پس اگر جھگڑا کریں تم سے بیچ علم کے
کے تو تو پکار طرف پروردگار اپنے کے تحقیق البتہ تو راہ پر ہے
اور اگر جھگڑا کریں تجھ سے پس کہہ اللہ خوب جانتا ہے ساتھ اُس
چیز کے کہ کرتے ہو تم اللہ حکم دیگا درمیان ہمارے اور تمہارے
دن بڑے کو مکرر بیچ اُس چیز کے کہ تھے تم بیچ اُس کے اختلاف
کرتے کیا نہیں جانتا تو کہ وہ اللہ علم رکھتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے
اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے تحقیق یہ سب احوال بیچ اصل کتاب
اُم الکتاب کے درج ہے تحقیق یہ اوپر اللہ کے بالکل آسان ہے
تعزیرات دُنیا نافذ کرنا برحق ہے۔ اور عبادت کرتے ہیں جو سوائے
اللہ کے جس بھی چیز کو کہ نہیں اتاری ساتھ اُس کے تعزیرات دُنیا
یا کوئی وزن دار کتاب انسانی دلیل اور اُس چیز کو کہ نہیں ساتھ اُنکے

کرتا ہے خود اللہ اپنی مثالیں آپ بڑاتے بنی نوع انسان اور اللہ
ساتھ ہر چیز کے پورا پورا علم رکھتا ہے اور جاننے والا ہے ٥
67/495 آپ برکت والا ہے جس نے نازل کیا اصل قرآن اوپر
انسانوں کے آغاز میں تو کہ ہووے واسطے عالموں کے ایک قانون
ڈانٹنے والا وہ خدا کہ بادشاہی ہے نظام شمسیوں کی اور نہ پکڑی
اُس نے کوئی اولاد مانند انسان کے سب ذی روح کا جو حاکم اعلےٰ
ہے اور نہیں اس روئے زمین میں جس کا کوئی ثانی اور شریک بیچ
بادشاہی ساری کے اور پیدا کیا جس نے ہر چیز مادی آنکھوں سے دیکھنے
والی کو اور پھر اندازہ کیا اُس کا صحیح اندازہ حساب میں رکھا سب کو
پھر بھی پکڑتے ہیں سوائے اُس کے معبود دوسرے غیر خدا کہ نہیں پیدا
کر سکتے کچھ مگر وہ خود پیدا کئے جاتے ہیں منجانب اللہ اور
نہیں اختیار رکھتے وہ اپنی روح پر ضرر کا اور نہ نفع کا اور نہیں اختیار
اُن کا اپنی موت اور نہ ہی اس فانی جسم کی زندگی پر اور نہ ہی اختیار
رکھتے ہیں پھر جی اُٹھنے پر تابع ہیں کل روحیں اُسکے حکم میں ہیں زندگی
میں اور موت کے بعد ہر حالت میں ٥ اور کہا لوگوں نے جو کافر ہوئے
نہیں یہ کچھ چیز مگر طوفان باندھ لیا ہے اور اس کو اس طوفان کے
باندھنے میں مدد کرتی ہے ایک قوم دوسرے وطن کی پس تحقیق اُس
قوم کے لوگ جن کو آتا جاتا ہم کئی دفعہ دیکھ چکے ہیں وہی یہ سارا طوفان
ظلم اور جھوٹ باندھنے میں معاون ہیں اسکے کہا انہوں نے یوں کہ بجز
کہانیوں اور قصوں کے اس کتاب قرآن عربی میں کچھ نہیں اور وہ ہی
کہانیاں سُنی سنائی اور توریت زبور انجیل وغیرہ کتب سے لے کر

تمہارا جسم اور نہیں کی اوپر تمہارے بیچ دین کے کچھ تنگی دین تمہارے
باپ ابراہیم کا اس نے نام رکھا تمہارا مسلمان پہلے سے اور بیچ ہر کتاب
وسطی کے نام رکھا مسلمان تو کہ ہوں جملہ وسطی پیغام دینے والے گواہ
اوپر تمہارے اور ہو تم گواہ اوپر لوگوں کے پس قائم رکھو نماز کو اور
دو زکات اور محکم آیات پکڑو جو ساتھ اللہ کے ہیں ہر وقت مکمل
علم اولین یعنی پہلوں کا ہے وہی ہے دوست تمہارا پس بہت اچھا
دوست ہے اور بہترین مددگار ہے ٥

$\frac{6}{482}$ اور جو لوگ کہ تہمت لگاتے ہیں پاک دامنوں پر پھر نہیں
لاتے برائے ثبوت چار گواہ پس مارو اُن کو اسی 80 کوڑے اور
مت قبول کرو اُن کی شہادت کبھی اور یہ وہ لوگ ہیں فاسق ٥

چار گواہ کی شہادت نہ ماننے والوں کو فاسق اور ماننے والوں
کو ایماندار کہا کیونکہ پیغام حق اُم الکتاب بھی چار بلغ المبین پر اُتری

$\frac{66}{488}$ اللہ نور ہے روشن ہے آسمانوں اور زمین کے مثل
اُس نور کے کہ مانند طاق ہے اور بیچ اُس طاق کے چراغ ہے اور ہے
بیچ قندیل شیشے کے اور وہ قندیل کہ وہ ستارہ شمس ہے دہکتا
ہوا چمکتا ہوا ہوتا ہے وہ چراغ شجر مبارک مانند زیتون کے سے نہ مشرق
کیطرف اور نہ مغرب کی طرف ہے وہ روشن ہے چاروں طرف یکساں
اور نہیں اُس کو روشنی کرنیوالا کوئی دوسرا روشن ہے وہ اور شمس کی
روشنی اس کے مقابل بیچ ہے وہ روشنی کے اوپر ایک بہت بڑی
زبردست روشنی ہے اُس کی راہ دکھاتا ہے وہ خود آغاز دُنیا میں
ہر ذی رُوح انسان کو جنکو وہ چاہتا ہے بوجہ اعمال نیک کے راہ مستقیم بیان

ناگہاں مکان دُور سے اور سُنیں گے واسطے غصہ کھاینگے اور تب چیخیں
گے اور زور زور سے چلائیں گے ۰ اور جب ڈالے جاویں تنگ اور
تاریک جسم میں آنکے رُوح جکڑ کر جیسے اب جکڑے گئے ہیں. انسانی
ڈھانچہ بے نظیر میں پھر پکاریں گے یہ سب ظالم اُس جگہ موت کو کہ اجل
آجائے تو بہتر ہے پکارو آج ہی موت کو جو آتے گی ایک ہی بلو براے
نجات یا پکارو موتوں ان گنت کو جو آنیوالی ہیں بار بار بلو بار شدت کے
ساتھ کہہ اے محمد کیا یہ ایک موت بہتر ہے یا بہت موتیں بار ہا. ایک مت
دلائیگی تم کو بہت سکھ عالمگیر رُوح رہتا ہے اسی میں کہ وعدہ دئے
گئے ہو تم جو پرہیزگار ہے واسطے اُس کے بدلا اور جگہ پھر جانے کی
اسی جگہ پر اور رہے واسطے اُن کے موقع بیچ اُس کے جو کچھ بھی چاہیں
وہ ہمیش رہنے والے ہیں اوپر اس کے ۰

$\frac{63}{498}$ پروردگار تیرے کا وعدہ برحق ہے اور جو سوال کیا گیا کہہ اور سمجھ
اور نہیں بھیجے گئے پیغمبر پہلے تجھ سے مگر تحقیق وہ کھاتے تھے کھانا اور
چلتے تھے بیچ بازاروں کے اور کیا ہم نے بعضے تمہاروں کو واسطے بعضوں
کے واسطے آزمائش کے پیغمبر کہ آیا تم لوگ وسطی پیغمبروں والے صبر بھی
کر سکتے ہو یا کہ نہیں اور پروردگار ہے تیرا نگاہ رکھنے والا دُور اندیش
اور دیکھتا ہے ہر چیز کو جیسے کہ وہ ہے اور کہا تھا اُن سب وسطی پیغمبروں
نے یوں کہ نہیں امید رکھتے ہم ملاقات خدا کی سے اور کیوں نہ اُتارے
گئے فرشتہ یا دیکھ لیویں وہ خود اپنے پروردگار کو اپنی ان مادی
آنکھوں سے روبرو اپنے تحقیق تکبر کیا اُن سب ظالموں نے ظلم کیا
بیچ اپنے نفسوں کے اپنے اوپر یقیناً یہ ایک زبردست سرکشی ہے

طوفان باندھ لیا گیا ہے اور لکھو لیا گیا ہے انکو پس پڑھی جاتیں ہیں اوپر
اُن کے صبح کو اور شام کو ۵ اے محمد کہہ اتارا ہے اس قران عربی کو
ایک فرشتہ سیرت انسان نے کہ علم رکھتا ہے اور جانتا ہے اس سارے
بھید کو۔ اور جو کچھ بیچ آسمانوں اور زمینوں میں علاوہ حافظ خدا ہے
تحقیق وہ ہی غفور اور رحیم ہے ۵ اور کہا انہوں نے گنواروں نے
یہ کہ یہ کیا پیغمبر ہے جو کہ کھانا کھاتا ہے مثل ہمارے اور چلتا ہے
بیچ زمین کے گلیوں میں بازاروں میں مانند ہمارے بیمار ہوتا ہے
ہنستا ہے روتا ہے غرضیکہ ہر کام وہ ہی کرتا ہے جیسا کہ ہم کرتے
ہیں اور ہماری ہی مانند پیدا ہوا ہے اور ہماری ہی مانند مریگا۔ یہ
پیغمبر ہرگز ہرگز نہیں ہو سکتا یہ جھوٹا اور ظالم ہے ۵
کیوں نہ اتارا گیا اس پر فرشتہ جو پیدا نطفہ سے نہ ہوا ہو بلکہ خود
خدا اپنے ہاتھوں سے پیدا کر کے آسمان سے اتارے تاکہ ہم تو وہ
ہوتے ہم سب یا ڈالا جاوے طرف اس کے گنج زر و جواہرات کا یا ہووے
واسطے اس کے باغ زرخیز کہ کھاوے اُس میں سے اور کہا ظالموں نے نہیں
پیروی کرتے ہم ایک ایسے انسان کی کہ سحر شدہ ہے اس پر جادو چلا دیا ہے
کسی جادوگر نے ۵ دیکھ اے محمد کیوں کر بنا لی ہیں انہوں نے واسطے تیرے
مثالیں وزن دار پس گمراہ ہوئے وہ اور نہیں پا سکے ہرگز ہرگز یہ لوگ
راستہ برکت والا وہ شخص اگر چاہے تیرے واسطے بہتر اس نصیحت
سے کہ باغ ہوں اور چلتی ہوں بیچ جس کے نہریں اور تیرے واسطے ہوں
محل عالیشان ۵ بلکہ وہ تو جھٹلا رہے ہیں قیامت کو بھی اور تیار کیا گیا ہے
واسطے ایسے ظالموں کے عذاب سخت ۵ جب دیکھیں گے اُس عذاب کو

72/519 تحقیق قرآن عربی کی ہدایات لوح محفوظ جوکہ پہلے اولین
پیغمبران پر اُتری درج ہیں ٥ کیا نہیں ہے واسطے اُن کے نشانی یہ
محکم اور پختہ کہ علم رکھتے ہیں نبی اسرائیل کے سب عالم ان نشانیوں
کا ٥ اور اگر اُترتا یہ نشان اوپر بعضے غیر ملکیوں پر پس پڑھتا اِس کو
اوپر عرب لوگوں کے نہ ہوتے ساتھ اُس کے ایمان لانیوالے ٥ اِسی
طرح لاتے جاتے ہیں نشان بیچ دِلوں گناہگاروں کے جو نہیں ایمان
لاتے ساتھ اُس پروردگار کے مکمل علم پر یہاں تک کہ دیکھیں
عذاب ناگہانی اور وہ نہیں سمجھتے پس کہیں گے کیا ہم ہیں ڈھیل دیتے
گئے کیا پس عذاب ہمارے کو جلد ہی پیش کرتے ہو ٥ کیا نہیں دیکھا
تو نے اگر فائدہ دے دیا گیا اُن کو کتنے برس ٥ پھر آوے اُن کے
پاس جو کچھ کہ تھے کماتے وہ ثواب و عذاب سے جو کچھ کہ وعدہ
دیتے جاتے تھے وہ ٥ کیا نہ کفایت کریگا اُن سے جو تھے فائدہ دیئے
جاتے اور نہ ہلاک کی پروردگار نے کوئی بستی مگر واسطے اُن کے ڈرانے
والے تھے نصیحت دیتا ہے خلا بذریعہ نیک انسانوں کے اور نہیں وہ
ظالم ٥

73/521 یہ نشانات (آیات) ہیں اصل کتاب کی جو کتاب کہ روشن
اور اظہر من شمس ہے کل عالموں میں جو ہدایت مکمل براستے بنی نوع
انسان کے ہے اور خوشخبری ہے اول سے آخر تک ٥ اور وہ لوگ جو
قائم رکھتے ہیں بندگی معبود حقیقی کی کو دیتے ہیں ذکات اور رکھتے
ساتھ قیامت برحق پر یقین عمل کے ساتھ ٥ تحقیق جو لوگ کہ نہیں
ایمان لاتے ہوتے ساتھ آخرت کے زینت کا دی ہم نے واسطے اُنکے

بہت بڑی سرکشی اور خودکشی ٥

69/5 یہ نشان ہیں کتاب المبین ظاہر کتاب کے ٥ شاید کہ تو بھی
خودکشی کا پختہ ارادہ کرچکا ہے اس واسطے کہ اہل عرب ایماندار ہوتے
اور اگر چاہیں ہم تو اتاریں اُن کے اوپر آسمان سے نشانیاں قہر کی پس
ہو جاویں گردنیں ان کی نیچی ٥

70/5 اور ہرگز ہرگز نہیں اُترتا بار بار لوگوں کے پاس الہام کچھ مذکورہ
بالا اللہ کی طرف سے نیا مگر ہوتے ہیں دوران دُنیا جب لوگ کافر اُس
کلام الہی ابتدائی سے منہ پھیرنے والے ہر زمانہ میں دہرایا جاتا ہے
کلام اللہ بذریعہ فرشتہ سیرت انسانوں کے موقعہ ومحل کے مطابق
پس تحقیق جھٹلایا اُنہوں نے پس شتاب آوینگی ان ظالموں کو خبریں اس
چیز کی کہ تھے ساتھ اُس کے ٹھٹھا کرتے ٥

71/516 تحقیق میں واسطے تمہارے پیغام دینے والا ہوں امانت دار
امین ٥ تحقیق اس کتاب قرآن عربی کے بیچ نشانی ہے اُس کتاب کی کہ
نہ تھے اکثر اُس پر ایمان لانیوالے اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ غالب
ہے وہ سب پر اور مہربان ہے اور تحقیق وہ اصل قرآن البتہ اُتارا گیا
ہے ابتدا میں پروردگار عالموں کی طرف کل عالموں کیلئے اور یقیناً اُترتے
ہیں آسمان سے فرشتہ سیرت پیغمبران حق انسان بن کر جو نہایت
پاکیزہ اور امانت دار بہترین ہوتے ہیں ہر عالم کے آغاز میں ٥ اور
اوپر تیرے اس لئے تو ڈرانے والوں میں سے ایک ہو اور عربی زبان
میں بیان کرے اور ظاہر کرے کلام اللہ کو جس پر کافر لوگ ایمان
نہیں رکھتے ٥

ایک نصیحت ہے وقتی اور رحمت ہے واسطے ایمان لانے والوں کے تحقیق رب تیرا ہر فیصلہ کرتا ہے ناطق اور فیصلہ کرنے والا وہ فیصلہ کُن ہے ابتدائے دُنیا میں ہی تاکہ ہر ذی رُوح اِنسان یکساں فائدہ حاصل کر سکے اُس کا فیصلہ نہ بدلنے والا اور ناطق ہے وہ ہر اختلاف اور ہر ایک بات کا فیصلہ کرے گا ساتھ اپنے حکم روشن کتاب سے ٥

75/532 اور وہ ہے غالب اور جاننے والا پس توکل کر اُوپر اللہ کے تحقیق تو اوپر حق کے ہے جو ظاہر ہے ہر وقت ٥ تحقیق تو نہیں سناتا گورے ہوتے انسانوں کو جو پہلے ہو گذرے تمہارے پیدا ہونے سے اور نہیں سُناتا جو سُن نہیں سکتے یعنی ابھی پیدا ہونگے تیرے بعد اور اُن بہروں کو جو تیرے سامنے جیتے اور جاگتے ہیں لیکن نہیں سنتے بہرے پکار تیری کو جس وقت کہ پھر جاویں پیٹھ پھیر کر اور نہیں تو راہ دکھانیوالا اندھوں کو جو گمراہی کی وجہ سے نہیں سُن سکتے ٥ مگر اُس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ ان نشانات محکم کے جو پختہ ہیں ہماری روشن کتاب پر بن دیکھے اور اللہ پر پس وہ فرماں بردار ہیں ٥ اور آن پڑیگی بات اوپر انکے بسبب اِن کے ظلم کے زبان چھین لی جاویگی اُن سے اور ہو نگے وہ بے زبان جانور وہ نہ بول سکیں گے کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ ہر دن کے بعد رات بنائی ہے اللہ نے تو کہ آرام کر سکے ہر ذی روح اور دن ہر رات کے بعد کہ کام کر سکیں بھلائی کے آنکھیں کھول کر تحقیق بیچ اِس کے البتہ نشانیاں ہیں اور یہ بھی آئتیں ہیں پختہ واسطے اُس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ٥

مطابق اعمال کے ہر چیز پس وہ بیا بھکتے یہ لوگ وہ ہیں کافر کے واسطے
اُن کے ہے بڑا عذاب اور بیچ آخرت کے ٹوٹا اور تحقیق تجھے لکھ کر دیا
جاتا ہے اصل کتاب سے یہ سب جو نزدیک حکمت والے علم
والے علیم کے ہے ٥

$\frac{74}{530}$ اے محمد کہہ دے کہ کون ہے جو پہلی بار یعنی آغاز اس دُنیا
کا کرتا ہے اور پیدا کرتا ہے ہر چیز دیکھنے والی سننے والی اور محسوس
ہونے والی اس مادی جسم سے اور وہی خالق پھر مکرر کریگا اِس دُنیا
کو جیسے پیدا کیا اس بار اور کون رزق دیتا ہے آسمانوں سے اور
زمین سے ہر ایک جاندار ذی رُوح کو کیا ہے کوئی دوسرا شریک اور
معبود سوائے اللہ کے پس لاؤ کوئی دلیل اگر ہو تم عاقل اور اگر
ہو تم سچے کہہ کوئی نہیں جانتا بیچ آسمانوں اور زمین کے کیا کیا ہے
اس پردہ غیب کو سوائے اُس مالک ازلی کے کوئی شخص نہیں جانتا
اور نہیں جانتا کوئی کہ کس وقت اُٹھائی جاویگی کل مخلوق ٥ بلکہ مختلف
ہے علم ایک دوسرے سے کل کافروں کا بیچ آخرت کے بلکہ یہ لوگ
سب بیچ شک کے ہیں اوپر اس کے تحقیق وہ بالکل اندھے ہیں ٥
تحقیق پروردگار تیرا البتہ جانتا ہے جو کچھ پوشیدہ ہے اور ظاہر
کرتے ہیں وہ سب کچھ جانتا ہے جو گناہ گاروں کے سینے میں ہے ٥
اور نہیں کوئی چیز پوشیدہ بیچ آسمانوں اور عالموں کے مگر درج
ہے سب علم مکمل بیچ کتاب المنیر روشن کتاب بیان کرنیوالی کے
اور تحقیق یہ قرآن بیان کرتا ہے نبی اسرائیل کے اکثر قصے اور اُس
چیز کو کہ وہ بیچ اُس کے اختلاف رکھتے ہیں باہم اور تحقیق یہ قرآن عربی

وہ نصیحت پکڑیں ٥
79/542 اور اگر نہ ہوتا یہ کہ پہنچے اُن کو عذاب بسبب اُس کے کہ آگے بھیجا ہے اعمال بد کر کے اپنے ہی ہاتھوں اُنکے نے پس کہیں گے برملا یہ کہ اے رب ہمارے کیوں نہ بھیجا تو نے طرف ہمارے پیغام دینے والا مبلغ پس پیروی کرتے ہم نشانات محکم اور پختہ اُم الکتاب کی اور ہوتے ہم بھی ایماندار ٥ پس جب آیا اُن کے پاس حق اللہ کی طرف سے کہا انہوں نے کیوں دیا گیا پیغمبر جیسا دیا گیا تھا موسے کیا نہ کفر کرتے تھے ساتھ اُس چیز کے کہ دیا گیا موسیٰ پہلے اس سے کہتے تھے یہ کہ دونوں جادوگر ہیں اور ایک دوسرے کا مددگار رہے پیغام دینے والا شخص اور موسے پیغام لینے والا دونوں ہی جادوگر ہیں اور کہتے تھے یہ کہ ہم دونوں کے ساتھ ہی انکار کرتے ہیں ٥ پس لاؤ تم وہ اصل کتاب جو نزدیک اللہ کے بالکل حق مکمل اور مفصل ہے اور مکمل راہ مستقیم دکھانیوالی ہے پھر ان دونوں کی پیروی کریں اور اس کتاب کی اگر ہو تم صادق اور سچے ٥ اور البتہ تحقیق پے در پے کی ہم نے نصیحت تو وہ ہدایت کی راہ پر آویں وہ لوگ کہ دی گئی ہے جن کو نصیحت چھوٹی چھوٹی کتابیں وقتی اور وسطی ـــ وہ ساتھ انہیں کتب کے ایمان لاتے پروردگار پر اور اُس کی مکمل ہدایت پر جب پڑھی جاتی ہے اوپر اُن کے یہ کتاب کہتے ہیں ایمان لاتے ہم ساتھ اس کے اور تحقیق یہ سچ ہے اور اب تمہارے کی طرف سے ہے اور کہتے ہیں کہ ایمان لاتے ہم ساتھ اس کے تحقیق ہیں ہم پہلے ہی اس سے مسلمان یہ لوگ دیئے جاوینگے ثواب دُگنا

76/533 اور کہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے البتہ دکھلادیگا
تمکو نشانات اپنے محکم تا قیامت اور پہچانو گے تم اُنکو اور نہیں
پروردگار تیرا غافل اس چیز سے کہ کرتے ہو تم ٥

77/540 اور کہا موسیٰ نے پروردگار میرا خوب جانتا ہے اُس شخص
کو کہ لایا ہے ہدایت اور نصیحت میرے پاس نزدیک اُس کے سے اور
وہ پروردگار اُس شخص کو بھی خوب اچھی طرح جانتا ہے کہ ہوگی واسطے
جس کے پچھاڑی گھڑی جائے مقام جہاں اور جس جسم میں یہ رُوح جائیگی
تحقیق نہیں فلاح پانیوالے ظالم ٥ اور کہا فرعون نے اے سردار
نہیں جانتا میں واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اپنے پس آگ جلا
واسطے میرے لاسنے ایمان اوپر مٹی کے پس تیار کر واسطے میرے ایک
محل تو کہ میں چڑھ جاؤں اوپر اور بلندی پر جا کر جھانکوں طرف معبود
موسیٰ کے اور تحقیق میں البتہ گمان کرتا ہوں اسکو جھوٹوں سے اور جو تکبر
کیا اس نے اور لشکروں اُس کے نے بیچ زمین کے ناحق اور گمان کیا
اُنہوں نے یہ کہ وہ طرف ہمارے نہ پھیرے جاوینگے ٥

78/541 اور پیچھے لائی گئی اُنکے بیچ اس دنیا کے آغاز میں اور دن
قیامت کے بُرا فعل کئے گیوں سے ہیں ٥ اور تحقیق دی گئی موسے کو کتاب
پیچھے یعنی بعد اُس کے کہ ہلاک کئے گئے قرن پہلے دلیلیں واسطے لوگوں
کے اور ہدایت نصیحت اور مہربانی ہماری تو کہ وہ نصیحت پکڑیں اور
نہ تھا تو بیچ کنارے طور کے جس وقت کہ پکارا ہم نے لیکن رحمت
پروردگار تیرے کی سے تو کہ تو ڈرا دے اُس قوم کے انسانوں کو ٥
کے نہیں آئے قبل میرے اُس قوم میں ڈرانے والے پہلے تجھ سے تو کہ

بڑی ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ تم کرتے ہو اور نہیں تھا تو
پڑھتا پہلے اس سے کوئی کتاب اور نہ لکھتا تو اُس کو اپنے ہاتھ سے
اُس وقت البتہ دھوکا کرتے جھوٹے تم سے ۵

83/557 بلکہ وہ آیتیں ہیں روشن بیچ سینوں اُن لوگوں کے جو دیتے
گئے ہیں مکمل علم اور نہیں جھگڑا کرتے ساتھ آیتوں ہماری کے جو
محکم ہیں مگر ظالم اور کہا اُنہوں نے کیوں نہیں اتاری گئیں اوپر اِس
کے نشانیاں آیتیں رب کی طرف سے سیدھی کہہ سوائے اِس کے
اور کچھ نہیں کہ میں صرف ڈرانیوالا ہوں ظاہر ۵

84/568 یہ نشانیاں ہیں پختہ کتاب الحکیم کی جو حکمت سے بھرپور ہے ۵

85/570 اور تحقیق دی گئی لقمان کو حکمت کہ شکر کرے واسطے اللہ کے
اور جو کوئی شکر کرتا ہے پس سوائے اس کے نہیں کہ شکر کرتا ہے واسطے
فائدہ جان اپنی کے اور وہ نصیحت کرتا تھا اُس کو۔ اے چھوٹے بیٹے
میرے مت شریک لا ساتھ اللہ کے تحقیق شریک لانا البتہ ظلم ہے
بہت بڑا ۵

86/571 اے چھوٹے بیٹے میرے وہ چیز جو چھپی ہے اگر ہو وے
ایک دانے رائی کے برابر سے بھی چھوٹی کہیں مخفی ہو بیچ بڑے
کے یا بیچ آسمانوں کے یا ہو بیچ زمینوں کے لے آتا ہے اس کو اللہ
تحقیق اللہ بہت باریک دیکھنے والا اور خبردار ہے یعنی مادے کا
باریک سے باریک ذرہ جو کاٹنے سے کاٹا نہ جا سکے اور آنکھوں سے نہ
دیکھا جا سکے جو اتنا لطیف ترین مادہ ہے اُس سے یہ رنگا رنگ کے
کارخانے خدا قادر مطلق تیار کر دیتا ہے اور پھر سب نظام شمسی کو اپنے

بسبب اس کے کہ صبر کیا اُنہوں نے اتارتے ہیں ہم اور بدل دیتے ہیں
موقعہ ومحل کے مطابق نصیحت وقتی اور بدل دیتے ہیں ساتھ بھلائی
کے برائی کو اور اُس چیز اُم الکتاب سے کہ دیا ہے ہم لوگوں کو خود خدا
نے خرچ کرتے ہیں بطور مبلغ کے ٥

82/546 کہہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہ دیا گیا ہوں میں بسبب علم کے
یہ کہ جو کچھ میرے پاس ہے کیا نہ جانا اُنہوں نے یہ کہ تحقیق ہلاک
کئے گئے ہیں پہلے اس سے قرنوں میں سے جو بہت زور آور اور جابر
تھے ان سے قوت میں اور اقتدار میں اور جماعت والے تھے اور نہیں
پوچھے جاتے گناہوں اپنے سے بوقت کرنے گناہوں کے ٥ انسان ٥

81/548 اور نہ تھا اُمید وار تو نے محمد اس بات کا کہ اتاری جا دے
تم پر کتاب یہ مگر رحمت اُس پروردگار تیرے کی طرف سے پس مت
ہو پشیمان واسطے کافروں کے ٥

82/551 کیا نہیں دیکھا اُنہوں نے کہ کیونکر کرتا ہے وہ پیدائش پہلے
اس دُنیا کی تحقیق مقرر کریگا ایسی ہی اور تحقیق یہ اوپر ازلی کے بالکل
آسان ہے کہہ کہ سیر کرو زمین کی اور آنکھیں کھولکر دیکھو کیونکر آغاز
کرتا ہے وہ خالق حقیقی پیدائش کو پھر مقرر وہ ہی کریگا یقیناً
ایسی ہی پیدائش پہلی کو پھر بار بار تحقیق اللہ اوپر ہر لطیف چیز
روح اور مادہ پر قادر ہے ٥

82/556 اور پڑھو جو کچھ کہ وحی کیا جاتا ہے طرف تیرے اصل
کتاب سے اور برپا کر یعنی قائم رکھو بندگی نماز کو تحقیق منع رکھتی
ہے نہیں ہے بے حیائی سے اور نا معقولیت سے اور البتہ یاد اللہ کی بہت

اور یہ کہ اللہ وہ ہے بلند مرتبہ بزرگ قدر ٥

